© rasailojaraid.com



# قطر کے وفد کی جامعہ میں تشریف آوری

گزشتہ دنوں رئیس الجامعہ علامہ محمد مدنی صاحب کی دعوت پر وزارتِ عدل وانصاف حکومتِ قطر کا ایک دو رکنی وفد نجی طور پر جامعہ کے دورہ پر جہلم تشریف لائے۔ وفد میں وزارتِ عدل وانصاف حکومتِ قطر کے سیکرٹری سعادۃ الشیخ ابراہیم موسیٰ الهتمی اور قطر کے ممتاز عالم دین، مبلغ اور داعی فضیلۃ الشیخ بلال السویدی اور مرکزی جمعیت اہلحدیث قطر کے ممتاز رہنما اور قطر میں جماعتی سرگرمیوں کے روحِ رواں جناب ڈاکٹر شاہ محمد علوی اور انکے صاحبزادے الشیخ خالد العلوی شامل تھے۔ وفد کا اسلام آباد ائیرپورٹ پر شاندار استقبال کیا گیا۔

جہاں سے وہ اسلام آباد وراولپنڈی کے مشہور مخیّر تاجر حافظ عبدالوحید چوہدری کی رہائش گاہ پر گئے جہاں پر ان کے لیے ظہرانہ کا اہتمام تھا۔ اس کے بعد وفد نے اسلام آباد میں چوہدری محمد امین صاحب اور ظفر محمود صاحب کی معیت میں زیر تعمیر بعض نئی مساجد کا دورہ کیا۔ اور مغرب سے پہلے وفد جہلم روانہ ہو گیا۔

عشاء کے وقت جب معزز وفد جامعہ پہنچا تو جامعہ کے اساتذہ اور طلباء نے مین گیٹ پر ان کا پرجوش والہانہ استقبال کیا اور فضاء اهلاً وسهلاً ...... مرحبا مرحبا کے نعروں سے گونج اٹھی۔ وفد نے اگلے روز جامعہ کا تفصیلی معائنہ کیا۔ تمام کلاس رومز میں طلباء واساتذہ کو درس وتدریس میں مشغول دیکھا۔ طلباء کے رہائشی کمروں کا معائنہ کیا لائبریری میں مطبوعہ اور قسم المخطوطات والمصورات کو بڑی دلچسپی سے دیکھا۔ اثریہ مڈل سکول بھی گئے اور اثریہ ڈسپنسری کا جائزہ بھی لیا۔ نماز عصر کے بعد معزز مہمانوں کے اعزاز میں ایک پروقار تقریب کا اہتمام کیا گیا۔ جس میں جماعتی احباب بھی شریک ہوئے جامعہ کے طلباء نے نظموں، نعتوں اور تقریروں سمیت یہ پروگرام مکمل طور پر عربی زبان میں پیش کیا۔ آخر میں فضیلۃ الشیخ بلال السویدی نے سپاسنامہ کے جواب میں پر مغز علمی تقریر کی۔ رئیس الجامعہ کی دعائے خیر سے مغرب سے قبل یہ تقریب اختتام کو پہنچی۔

اس سے اگلے روز معزز وفد نے اثریہ ہسپتال بھٹیال اور سوہاوہ میں زیر تعمیر جامع مسجد اہلحدیث کا معائنہ کیا۔ رات کو عشائیہ کا اہتمام جناب محمد ارشد زرگر نے کیا تھا۔ جس میں ارشد زرگر صاحب نے مترجم کے ذریعے وفد کو مقامی جماعتی اور جامعاتی سرگرمیوں سے آگاہ کیا۔ وفد نے اپنے قیام کے دوران گجرات، رانیوال سیداں گوجرانوالہ لاہور اور کنگن پور دورہ کیا۔ جس میں انھوں نے جماعتی مراکز کا دورہ کیا۔ وفد نے جماعتی منصوبوں میں گہری دلچسپی لی اور جامعہ کی تعلیمی و تبلیغی سرگرمیوں پر دلی اطمینان کا اظہار کیا۔ معزز وفد ایک ہفتہ کے بھرپور دورہ کے بعد



© rasailojaraid.com

